# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/SAI/02 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | صوبہ | شعبہ (Department) | اطراف کے علاقے |
| منصب (Designation) | صوبائی ذمہ دار | جوابدہ (Report to) | نگران مجلس |
| کام (Function) | دُور دراز کے شہروں اور دیہاتوں میں رہنے والے عاشقانِ رسول میں نیکی کی دعوت کو عام کرنا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | ڈویژن و ڈسٹرکٹ ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. صوبہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران مجلس کو مکمل معاونت (Help) و معلومات فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/ کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا اور تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. دُور دراز کے چھوٹے بڑے شہروں اور دیہاتوں میں رہنے والے عاشقانِ رسول سے ملاقات و انفرادی کوشش کرکے دینی کام شروع کرنا/ کروانا۔
6. بااثر افراد کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا نیز انہیں دعوت اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا/ کروانا۔
7. اطراف کے علاقوں میں رہائش پذیر (Residential) افراد کے گھروں میں ممکنہ صورت میں مدنی چینل چلوانا اور دیکھتے رہنے کا ذہن (Mindset) دینا/دلوانا۔
8. متعلقہ علاقوں میں رہائش پذیر عاشقانِ رسول کو مختلف کورسز (مبلغ کورس، فیضان نماز کورس، تربیتی کورس، قاعدہ ناظرہ کورس وغیرہ) کروانا۔
9. مقامی مبلغین تیار کرنا اور اطراف کے علاقوں میں رہائش پذیر عاشقان رسول کو مختلف تنظیمی ذمہ داریاں دینے کا اہتمام کرنا۔
10. دُور دراز کے چھوٹے /بڑے علاقوں اور دیہاتوں (Villages) میں ماہانہ اجتماعات (ہفتہ وار اجتماع) کروانا اور اجتماعات کیلئے سواریوں کے انتظامات کروانا۔
11. عاشقان رسول کو رمضان شریف میں اعتکاف کے لیے تیار کرنا اور ایک ماہ/آخری عشرے کے اعتکاف میں شرکت کروانا۔
12. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل وترقی کے لیے پلاننگ کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/ کروانا۔
13. شعبے کے ایس او پیز، جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا، کے پی آئیز سمجھنا/ سمجھانا نیز تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
14. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/ کروانا۔
15. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا، طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
16. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت رپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/ کروانا۔
17. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** میٹرک + ایم ایس آفس
- **دینی تعلیم:** ناظرہ قرآن پاک + 12 ماہ کا قافلہ کیا ہو + 12 دینی کام کورس، اذکارِ نماز اور مسائلِ نماز کا ٹیسٹ پاس ہو
- شعبے میں کم از کم 3 سے 4 سال کا تجربہ نوٹ:۔ درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی
- Leadership, People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Conceptual Skills, Rapport-building, Critical thinking

## اپنی دنیا اور آخرت کو بھتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحت ذمہ داران کو بھی ترغیب دلائیں۔

- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے دیئے گئے اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت فرمائیں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی با اثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت اور فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ اور المدینۃ العلمیہ کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔